کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشین کی ضلعی کانفرنس ایسے حالات میں منعقد ہو رہی ہے جب ملک 27ویں آئینی ترمیم کے بعد عملی طور پر ایک نئی اور سنگین نوعیت کی آمریت کے سائے میں ہے ملک کے ایک بنیادی ستون عدلیہ کو مکمل طور پر بے اختیار کر کے انصاف اور عدل کو عوام کی پہنچ سے دور کر دیا گیا ہے۔ آج ملک میں ظلم کے خلاف آواز اٹھانا، انصاف کا حصول اور بنیادی حقوق کا تحفظ عوام کے لیے ایک مشکل اور کٹھن مرحلہ بن چکا ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی سیکریٹری اول فقیر خوشحال کاسی اور صوبائی ڈپٹی سیکریٹری پروفیسر اسد ترین نے پشتونخوانیپ ضلع پشین کی ضلعی کانفرنس کے سلسلے میں پشتونخوانیپ حرمزئی علاقائی یونٹ سے مربوط کلی پہاڑ خان، کلی کمران، خوشحال ابتدائی یونٹ، کلی مچان ابتدائی یونٹ اور دیگر اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا کہ 02 دسمبر کو ہونے والی ضلعی کانفرنس پارٹی کی تنظیمی اور نظریاتی مضبوطی کے لیے ایک تاریخی سنگِ میل ثابت ہوگی۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں ڈاکٹر حیات اللہ، انور وحدت، پیر شمس اللہ، پیر حمد اللہ، سردار فیصل ترین، سید جلیل باچا آغا، حکیم خان، داد اللہ کاکڑ اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا وطن کے قدرتی، نایاب اور قیمتی معدنی وسائل کو لوٹنے کی راہ ہموار کرنے کے لیے خطے میں دانستہ دہشتگردی مسلط کی گئی ہے۔ فارم 47 کی پیدا کردہ حکومت نے عوام کو شدید بے روزگاری، معاشی ابتری، بدحالی اور مایوسی کے اندھیروں میں دھکیل دیا ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ژوب کے ضلعی بیان میں یونین کونسل تکئی کے ضمنی انتخاب میں نو منتخب چیئرمین شیخ ماسم خان مندوخیل کی کامیابی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت پارٹی کے مرکزی و ضلعی سیکریٹری ڈاکٹر بایزید روشان نے کی۔ تقریب سے پارٹی کے مرکزی سیکریٹری ڈاکٹر بایزید روشان نو منتخب چیئرمین شیخ ماسم خان مندوخیل، ضلع ایگزیکٹو ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، ضلع ایگزیکٹو خدائے دوست کبزئی، ضلع ایگزیکٹو اختر محمد اور شفیع اللہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ ہم عوامی نیشنل پارٹی، مسلم لیگ اور تمام اتحادی کونسلروں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نامزد چیئرمین پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کامیاب کرایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی پر عوام کا بڑھتا ہوا بھروسہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی آج پشتون افغان عوام اور دیگر محکوم اقوام کی ایک مضبوط، نمائندہ اور اصول پسند سیاسی قوت بن چکی ہے۔

شہداء کی جدوجہد اور نظریاتی ورثے کو ہمیشہ مشعل راہ رکھا جائے گا، اے این پی

پارٹی عوام کے حقوق، امن و استحکام اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لئے جدوجہد جاری رکھے گی، اصغر اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی کابینہ کا اجلاس ارباب ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملکی سیاسی منظر نامے صوبے کی مجموعی صورتحال امن و امان اور تنظیمی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں شہداء وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان خان اچکزئی سمیت پشتون قومی تحریک کی عظیم شہدا کو ان کی لازوال قربانیوں پر خراج تحسین و خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ ان شہداء کی لہو کی بدولت پشتون قومی تحریک آج بھی نہ صرف فعال اور منظم ہے بلکہ اپنے اُن اہداف کے پہلے سے زیادہ قریب ہے جن کی نشاندہی پارٹی کے اکابرین نے کی تھی اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کی جدوجہد اور نظریاتی ورثے کو ہمیشہ مشعل راہ رکھا جائے گا وفاقی و صوبائی سطح پر موجود سیاسی و انتظامی چیلنجز پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ عوامی نیشنل پارٹی صوبے کے عوام کے حقوق، امن و استحکام اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لئے اپنی سیاسی جدوجہد مزید موثر انداز میں جاری رکھے گی اجلاس میں کہا گیا کہ 23 نومبر کو شہداء وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان اچکزئی کی یاد میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد کیا جائے گا۔ جس میں مرکزی صدر ایمل ولی خان خصوصی شرکت کریں گے جس کے یقیناً دوررس سیاسی اثرات مرتب ہوں گے پارٹی قیادت اور کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ جلسے کی کامیابی کے لئے تمام انتظامات بروقت اور بھرپور انداز میں مکمل کیے جائیں مزید یہ کہ 24 نومبر کو عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہوگا جس میں صوبے کے حالات تنظیمی امور اور مستقبل کی حکمتِ عملی پر تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا اجلاس کے اختتام پر پارٹی قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی اپنے نظریاتی سفر اور عوامی خدمت کے مشن کو پہلے سے زیادہ قوت اور تنظیم کے ساتھ جاری رکھے گی اجلاس میں 23 نومبر جلسہ تیاری کے حوالے سے متعدد اضلاع کا شیڈول جاری کیا گیا جس میں 16 نومبر کو باچاخان مرکز قلعہ عبداللہ، باچاخان مرکز خانوزئی تحصیل نانا صاحب صبح 10 بجے جبکہ سہ پہر 3 بجے ضلع کوئٹہ کچلاک خروٹ آباد، 18 نومبر تحصیل سرانان ورکرز کنونشن 19 نومبر صبح 10 بجے ضلع قلعہ سیف اللہ تحصیل مسلم باغ تحصیل قلعہ سیف اللہ کابینہ کا مشترکہ اجلاس جبکہ ضلع حب ضلعی کونسل اجلاس شام 5 بجے، 21 نومبر باچاخان مرکز پشین تحصیل پشین اجلاس منعقد ہوں گے۔

بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز دنیا تک پہنچائیں گے، ہدایت الرحمٰن

لاہور کے اجتماع سے ذمہ داران اور کارکنان کو نیا عزم حوصلہ اور جذبہ ملے گا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ صدیوں کی محرومیاں، دہائیوں کا درد اور برسوں سے دبی ہوئی فریاد اب ایک بار پھر مینار پاکستان کے سائے تلے پیش ہونے جا رہی ہے۔ 21 تا 23 نومبر کو مینار پاکستان لاہور میں بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز منظم انداز میں دنیا تک پہنچائیں گے، یہ موقع صرف جلسہ نہیں بلکہ تاریخ لکھنے کا لمحہ ہے۔ بلوچستان کے حق کے لیے کھڑے ہوں گے تاکہ آنے والی نسلیں یہ نہ کہیں کہ ہم خاموش رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ لورالائی کے دوران مرکز اسلامی لورالائی میں ارکان و ذمہ داران کے اجتماع عام کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری بلوچستان نورالدین غلزئی، امیر ضلع لورالائی عبدالحمید ناصر اور جنرل سیکرٹری لورالائی محمد نعیم کاکڑ نے خطاب کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ اجتماع عام ملکی تاریخ کا بڑا اجتماع ہوگا جس سے ذمہ داران اور کارکنان کو نیا عزم حوصلہ اور جذبہ ملے گا، یہ ہمارا وعدہ ہے کہ ہم ایمان، عدل خدمت کے اس عظیم سفر کو منزل تک پہنچا کر دم لیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

کم عمری شادی سے متعلق بل کیخلاف عدالت سے رجوع کرینگے، اپوزیشن اراکین اسمبلی

بلوچستان اسمبلی میں منافی شریعت بل پاس کرنا شرمناک اور ناقابلِ قبول ہے، یونس عزیز زہری، زابد علی ریکی

حکومتی ممبران کا ڈھٹائی کے ساتھ بل پاس کرنا قابل مذمت، شادی سے متعلق یہ بل صریحاً قرآن و سنت کے خلاف ہے، غلام دستگیر بادینی، سید ظفر آغا

(اے این این) جمعیت علماء اسلام سے تعلق رکھنے والے اپوزیشن اراکین نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں منافی شریعت بل پاس کرنا شرمناک اور ناقابل قبول ہے حکومتی ممبران کا ڈھٹائی کے ساتھ بل پاس کرنا قابل مذمت ہے شادی سے متعلق یہ بل صریحاً قرآن و سنت کے خلاف ہے جے یو آئی اس بل پر سخت ردعمل دے گی جلد اس بارے میں عدالت سے بھی رجوع کرینگے، یہ بات اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری اپوزیشن اراکین میر زابد علی ریکی، میر غلام دستگیر بادینی، سردارزادہ سید ظفر آغا اور اصغر علی ترین نے اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے الگ .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ حکومت نے جو مثبت اور عوامی مفادات کی خاطر جو بھی قرارداد یا بل لایا ہے ہم نے حمایت کی ہے لیکن جب اس طرح متنازعہ بل اور عوام کے خلاف لانے کی کوشش کی تو ہم نے بحیثیت اپوزیشن کردار ادا کرتے ہوئے نہ صرف مخالفت کی بلکہ اس کے خلاف ہر فورم پر بات بھی کی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت شرعی احکامات کے برخلاف اقدامات کے ذریعے عوام کے جذبات سے نہ کھیلے حکومت امن و امان اور گورننس کے مسائل پر توجہ دے اسلامی نظریاتی کونسل کو بل بھجوانے کی استدعا مسترد کرنا بھی قابل مذمت ہے بلوچستان اسمبلی میں منافی شریعت بل پاس کرنا شرمناک اور ناقابل قبول ہے حکومتی ممبران کی ہنسی مذاق اور ڈھٹائی سے بل پاس کرنا قابل مذمت ہے شادی سے متعلق یہ بل صریحاً قرآن و سنت کے خلاف ہے جے یو آئی اس بل پر سخت ردعمل دے گی انہوں نے کہا کہ اس طرح بل کو شریعت کے خلاف تصور کرتے ہیں بلکہ یہ بل عوام دشمن بل ہے۔ جس کی ہم کسی بھی صورت اجازت دینگے اور نہ ہی اس کو مانتے ہیں اس حوالے سے جلد عدالت سے رجوع کرینگے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 16 NOV 2025 Page No. 12

ڈیرہ مراد جمالی، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر مالک زخمی

واقعہ کیخلاف سیکڑوں مشتمل افراد نے احتجاجاً سڑک ٹریفک کے لیے بلاک کردی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت کرنے پر مسلح افراد نے نوجوان کو زخمی کر دیا اور موٹر سائیکل چھین کر لے گئے۔ واقع کیخلاف سینکڑوں مشتمل افراد نے احتجاجاً سڑک ٹریفک کے لیے بلاک کردی۔ پولیس حکام کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ میر حسن کی حدود میں مشتا علی نامی شخص اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہوکر گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے اس سے موٹر سائیکل اور موبائل فون نقدی چھین لی جبکہ مزاحمت کرنے پر فائرنگ سے نوجوان کو زخمی کر کے موٹر سائیکل اپنے ساتھ لے گئے واقعے کے خلاف سینکڑوں افراد نے میر حسن پل پر رکاوٹیں کھڑی کر کے میر حسن روڈ کو بلاک کر دیا متعدد گھنٹے گزرنے کے بعد پولیس کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا گیا۔

لورالائی: بیٹے نے سوتیلی ماں سمیت دو افراد کو ہلاک کر دیا

ضروری کارروائی کے بعد خاتون کی لاش امانتاً سپرد خاک، پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لورالائی میں بیٹے نے فائرنگ کر کے سوتیلی ماں سمیت دو افراد کو ہلاک کر دیا پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے آلہ قتل قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق لورالائی پولیس کو جمعہ اور ہفتے کی درمیانی شب اطلاع ملی تھی کہ کلی نیو باور کے ایک گھر میں دو لاشیں پڑی ہوئی ہیں جس پر ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر عثمان' ایس ڈی پی او کریم مندوخیل نے دیگر عملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچایا جہاں خاتون کی شناخت (ح) زوجہ محمد اسماعیل اور نوجوان محب اللہ ولد صاحب جان کے ناموں سے ہوئی ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد نوجوان کی لاش ورثا کے حوالے کر دی جبکہ خاتون کی لاش کو امانتاً سپرد خاک کر دیا گیا پولیس نے بتایا کہ لورالائی پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم دلبر خان کو گرفتار کر کے آلہ قتل قبضے میں لے لیا ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا کہ ملزم مقتولہ کا سوتیلا بیٹا ہے جس نے رنجش کے باعث دونوں کو سر پر گولیاں مار کر قتل کیا ملزم سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

سیٹلائٹ ٹاؤن میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن اسحاق آباد میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے اسحاق آباد کا رہائشی محمد افضل ولد عبدالقیوم گزشتہ روز ظہر کی نماز کی ادائیگی کے بعد مسجد سے پیدل گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جبکہ سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کر دیا۔

ژوب: مختلف حادثات اور واقعات میں دو افراد جاں بحق، 10 زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان سے آنیوالی ویگن ٹرالر سے ٹکرا جانے کے نتیجے میں زخمی ہونے والوں میں خواتین و بچے بھی شامل

ژوب (نامہ نگار) مختلف حادثات اور واقعات میں دو افراد جاں بحق خواتین اور بچوں سمیت دس افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق حریفال آباد کے علاقے میں درمیانی شب کو فائرنگ کے واقعے میں گھر کے گیٹ کے باہر نوجوان محب اللہ قوم حریفال جاں بحق ہو گیا جائے وقوعہ سے ایک پستول بھی ملا ہے پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہسپتال ذرائع کے مطابق ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر ڈیرہ اسماعیل خان سے آنے والا ویگن مخالف سمت سے آنے والے ٹرالر سے ٹکرانے کے نتیجے میں ویگن میں سوار خواتین اور بچوں سمیت دس افراد زخمی ہو گئے زخمیوں میں سمندر خان شائستہ خان ظفر خان محمد زرداد محمود اللہ ذیشان عبدالحمید اور مسماۃ (ح) شامل ہے ایک زخمی سمندر خان نے بتایا کہ حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا ڈیرہ اسماعیل خان سے روانگی کے بعد سوار افراد نے بار بار ڈرائیور سے رفتار کم کرنے کی استدعا کی مگر ویگن ڈرائیور نے سواریوں کی بات پر کوئی دھیان نہیں دیا جبکہ اسی شاہراہ پر پک اپ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شخص وکیل خان مندوخیل ساکن کلی مندیزئی جاں بحق ہو گیا۔

ڈیرہ مراد جمالی: ایس ایس پی کچھی کی گاڑی پر فائرنگ، معجزانہ طور پر محفوظ رہے

فائرنگ کا سلسلہ 20 منٹ تک جاری رہا، پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) کچھی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایس ایس پی کچھی کی گاڑی پر فائرنگ کر دی۔ پولیس کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہو گئے۔ فائرنگ سے ایس ایس پی سمیت پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ ڈی ایس پی کچھی کے مطابق ایس ایس پی کچھی عطاالرحمٰن گزشتہ دنوں پولیس تھانہ حاجی شہر میں ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کے بعد واپسی پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ایس ایس پی کچھی کی گاڑی پر فائرنگ شروع کر دی فائرنگ کا سلسلہ 20 منٹ تک جاری رہا جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہو گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

MASHRIQ QUETTA

خضدار: بجلی کی تاریں چوری کرنیوالے دو ملزمان گرفتار

چوری شدہ سامان برآمد، مزید تفتیش جاری اور مزید انکشافات کی توقع

خضدار (آن لائن) ایس ایچ او صدر کی کامیاب کارروائی، بجلی کے کھمبوں سے تاریں اور لوہے کا سامان چوری کرنے والے دو ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے خصوصی حکم پر ڈی ایس پی کی سربراہی میں پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے بجلی کے کھمبوں سے قیمتی تاریں اور لوہے کا سامان چوری کرنے میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او صدر محمد یوسف جاڑیو کو مخبر کے ذریعے اطلاع ملی تھی کہ جعفر آباد اور نواں کے علاقوں میں گزشتہ کچھ عرصے سے بجلی کے کھمبوں سے 11 ہزار کے تار اور لوہے کا سامان چوری کیے جانے کے واقعات معمول بن گئے ہیں، جس کے باعث علاقے میں بجلی کی فراہمی بری طرح متاثر اور شہری شدید پریشانی میں مبتلا تھے۔ ایس ایچ او نے خصوصی ٹیم تشکیل دی اور خفیہ مخبروں کے ذریعے ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کیا۔ مسلسل کوششوں کے بعد پولیس نے دو ملزمان نبی بخش اور ولید سکنہ جعفر آباد کو گرفتار کر لیا ملزمان کی نشاندہی پر چوری شدہ سامان بھی برآمد کر لیا گیا ہے جبکہ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور مزید انکشافات کی توقع ہے۔ خضدار پولیس کی اس بروقت کارروائی کو شہریوں کی جانب سے سراہا گیا ہے۔

CamScanner

Dated:

صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں کی اسٹریٹ لائٹس غیر فعال

ٹریفک حادثات میں اضافہ، لوگوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں کی اسٹریٹ لائٹس غیر فعال، ٹریفک حادثات میں اضافہ، لوگوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا، تفصیلات کے مطابق شہریوں نے بتایا کہ شہر کے مختلف وسطی و نواحی علاقوں سمنگلی روڈ، شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن، ارباب کرم خان روڈ، خروٹ آباد، پشتون آباد، پشتون باغ، اے ون کلی، نواں کلی، کلی اسماعیل، سیٹلائٹ ٹاؤن، سریاب، کلی قمبرانی، موسیٰ کالونی سمیت مختلف علاقوں کی اسٹریٹس لائٹس طویل عرصے سے بند ہیں جس کی وجہ سے متعدد مرتبہ حادثات بھی رونما ہو چکے ہیں اور کئی لوگ زندگی کی بازی بھی ہار چکے ہیں جبکہ بعض مقامات پر اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر جرائم پیشہ عناصر سرگرم ہو جاتے ہیں اور رات کے اوقات میں آنے جانے والے کو ان کی قیمتی اشیاء سے محروم کر دیتے ہیں شہریوں نے بتایا کہ بارہا متعلقہ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کروائی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی انہوں نے مطالبہ کیا کہ جلد از جلد لائٹس فعال کروائی جائیں تاکہ لوگوں کو آمد و رفت میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 NOV 2025

Page No.

وزیراعلیٰ بلوچستان نے صحت اور تعلیم کے میدان میں انقلابی اقدامات اٹھا کر عوام کے دل جیت لئے

موجودہ وزیر اعلیٰ نے صحت اور تعلیم کے میدان میں انقلابی اقدامات اٹھا کر صوبے کے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔ان کی قیادت میں بلوچستان میں پہلی بار ایسے جامع منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن کا براہ راست فائدہ عوام تک پہنچ رہا ہے۔خصوصاً صوبے کے ہونہار طلباء وطالبات کو سکالرشپ پروگرام کے ذریعے بیرون ملک کے معروف تعلیمی اداروں میں داخلے کی سہولت فراہم کرنا اعلیٰ مثال ہے۔ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنی عملی کارکردگی،عوام دوستی اور انتھک محنت کی بنیاد پر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ صوبے کے حقیقی خادم ہیں۔ان کی قیادت میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز ہوئی ہے اور گورننس میں نمایاں آثار نظر آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اپنی بہترین کارکردگی اور عوامی خدمت کی بنیاد پر پورے پانچ سال کی مدت مکمل کریں گے۔اس طرح پارٹی کو مضبوط کرنے اور عوامی رابطوں کو مستحکم بنانے میں ان کا کردار ناقابل فراموش ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں کسی بھی وزیر اعلیٰ نے اتنا وقت توجہ اور محنت صوبے کے عوام کے لیے نہیں دی جتنی موجودہ وزیر اعلیٰ نے دی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک کا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرنا اور ان کی بہترین کارکردگی کے حوالے سے مذکورہ بیان حقیقت پر مبنی ہے کیونکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ عوامی مفاد میں اقدامات کر رہے ہیں ان میں صوبے کے نوجوان کو بڑی اہمیت دی جارہی ہے کیونکہ ان نوجوانوں نے مستقبل میں ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صوبے کے طلباء کی ایک بڑی تعداد ہنر مند بنا کر روزگار کے لیے بیرون ملک بھیجنے کا منصوبہ بنایا ہے اس سلسلے میں پہلے مرحلے میں نوجوان بیرون ملک جا چکے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو بیرون ممالک میں اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔وزیر اعلیٰ نے اقتدار میں آنے کے بعد بعض ایسے اقدامات بھی کئے ہیں جو سابقہ حکومتیں نہیں کر پائی تھیں۔انہوں نے عوام کی سہولت کے لیے کوئٹہ سے کچلاک تک پیپلز ٹرین چلانے اور شہر میں مزید گرین بسوں کو لانے کے فیصلے کئے۔اس طرح گرین بسیں اور خواتین کے لیے پنک بسیں بہت جلد شہر کے مختلف روٹوں پر چلیں گی۔جس سے عوام کو لوکل سفر کرنے میں آسانی ہوگی جو کہ اس وقت نہیں ہے۔شہر میں چلنے والی لوکل بسیں انتہائی خستہ تھیں لیکن اس کے باوجود عوام ان میں سفر کرنے کیلئے مجبور تھی۔اور یہ ٹرانسپورٹرز ان کی مجبوری سے فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔اب عوام کو سستا اور بہترین سفر میسر ہوگا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مذکورہ اقدامات جو خالصتاً عوام سے منسلک ہیں اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ صحیح معنوں میں ایک عوامی رہنما ہیں جو عوام کے مسائل سے نہ صرف بخوبی واقف بلکہ ان کو حل کرنے کی بھرپور صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔

بلوچستان اسمبلی، کم عمری کی شادی کی مخالفت کا قانون منظور، اپوزیشن کا احتجاج

بلوچستان اسمبلی سے منظور ہونے والے بلوچستان چائلڈ میرج ریسٹرینٹ بل 2025 کی تفصیلات جاری کر دی گئی ہیں، جس کے تحت صوبے میں کم عمری، جبری یا روایتی بنیادوں پر ہونے والی شادیوں کی روک تھام کے لیے جامع قانونی فریم ورک نافذ کر دیا گیا ہے۔ بل کے مطابق شادی کے لیے کم از کم قانونی عمر 18 سال مقرر کی گئی ہے، جبکہ نابالغ کی شادی کرنے، کرانے یا اس میں معاونت کرنے پر کم از کم 3 ماہ سے 3 سال تک قید اور بھاری جرمانے کی سزا رکھی گئی ہے۔ نکاح رجسٹراروں کو دولہا دلہن کی عمر کی تصدیق لازم قرار دی گئی ہے، اور والدین، سرپرست، رشتہ دار یا قبیلے/برادری کا کوئی فرد بھی کم عمری کی شادی میں کردار ادا کرنے پر سزا کا مستحق ہوگا۔ حکومت نے اس مقصد کے لیے خصوصی چائلڈ پروٹیکشن یونٹس قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جو ہنگامی مداخلت کے اختیارات کے ساتھ کم عمر شادیوں کی روک تھام یقینی بنائیں گے۔ شادی کے

لیے کم از کم قانونی عمر 18 سال مقرر کی گئی ہے، جبکہ نابالغ کی شادی کرنے، کرانے یا اس میں معاونت کرنے پر کم از کم 3 ماہ سے 3 سال تک قید اور بھاری جرمانے کی سزا رکھی گئی ہے۔ نکاح رجسٹراروں کو دولہا دلہن کی عمر کی تصدیق لازم قرار دی گئی ہے، اور والدین، سرپرست، رشتہ دار یا قبیلے/برادری کا کوئی فرد بھی کم عمری کی شادی میں کردار ادا کرنے پر سزا کا مستحق ہوگا۔ حکومت نے اس مقصد کے لیے خصوصی چائلڈ پروٹیکشن یونٹس قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جو ہنگامی مداخلت کے اختیارات کے ساتھ کم عمر شادیوں کی روک تھام یقینی بنائیں گے۔ بل میں واضح کیا گیا ہے کہ کم عمری کی شادی بچوں، خصوصاً بچیوں کی تعلیم، صحت، ذہنی نشوونما اور بنیادی انسانی حقوق کو متاثر کرتی ہے، لہٰذا اس قانون کا مقصد قبائلی و سماجی دباؤ پر مبنی بچپن کی شادیوں کا خاتمہ اور بچوں کو بہتر مستقبل، تعلیم اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ انسانی حقوق کے ماہرین اور سماجی تنظیموں نے اس قانون سازی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے صوبے میں بچوں کے حقوق کے تحفظ کی سمت ایک تاریخی پیش رفت قرار دیا ہے۔ بل میں واضح کیا گیا ہے کہ کم عمری کی شادی بچوں، خصوصاً بچیوں کی تعلیم، صحت، ذہنی نشوونما اور بنیادی انسانی حقوق کو متاثر کرتی ہے، لہٰذا اس قانون کا مقصد قبائلی و سماجی دباؤ پر مبنی بچپن کی شادیوں کا خاتمہ اور بچوں کو بہتر مستقبل، تعلیم اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ انسانی حقوق کے ماہرین اور سماجی تنظیموں نے اس قانون سازی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے صوبے میں بچوں کے حقوق کے تحفظ کی سمت ایک تاریخی پیش رفت قرار دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی اجلاس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ قانون سازی کرنا حکومت کا آئینی حق ہے اور صوبائی حکومت نے آج وہی حق استعمال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیش کردہ بل پر اسمبلی کی اکثریت نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بل کے حق میں ووٹ دیا، جو جمہوری عمل کی مضبوطی کی علامت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور حکومت نہ صرف اس حق کا احترام کرتی ہے قانون سازی کرنا حکومت کا آئینی حق ہے اور صوبائی حکومت نے آج وہی حق استعمال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیش کردہ بل پر اسمبلی کی اکثریت نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بل کے حق میں ووٹ دیا، جو جمہوری عمل کی مضبوطی کی علامت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور حکومت نہ صرف اس حق کا احترام کرتی ہے بلکہ بات چیت اور مکالمے کے دروازے ہمیشہ کھلے رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے تاہم قانون سازی عوام کے بہترین مفاد میں کی جاتی ہے کم عمری کی شادی کی ممانعت سے متعلق بل کے حوالے سے وزیر اعلیٰ نے وضاحت کی کہ یہ بل گزشتہ چھ ماہ سے بلوچستان اسمبلی کی متعلقہ کمیٹیوں میں موجود تھا اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے تاہم قانون سازی عوام کے بہترین مفاد میں کی جاتی ہے کم عمری کی شادی کی ممانعت سے متعلق بل کے حوالے سے وزیر اعلیٰ نے وضاحت کی کہ یہ بل گزشتہ چھ ماہ سے بلوچستان اسمبلی کی متعلقہ کمیٹیوں میں موجود تھا اور اس پر تمام تقاضوں کے مطابق پیش رفت کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کابینہ اس بل کی منظوری کافی عرصہ قبل دے چکی تھی اور اسے آج اسمبلی میں قواعد کے مطابق منظور کرایا گیا بلوچستان کابینہ اس بل کی منظوری کافی عرصہ قبل دے چکی تھی اور اسے آج اسمبلی میں قواعد کے مطابق منظور کرایا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ہمیشہ اتفاق رائے سے قانون سازی کو ترجیح دی ہے اور کوشش رہی ہے کہ ہر بل وسیع مشاورت اور شفاف طریقہ کار کے بعد منظور ہو وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی فلاح کے لیے حکومت پوری سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ کام کر رہی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

CS CamScanner

بلوچستان اسمبلی: کم عمری میں شادی کی ممانعت کا بل منظور، معاشرتی وسماجی تبدیلی میں اہم پیشرفت!

بلوچستان اسمبلی نے کم عمری میں شادی کی ممانعت کا بل منظور کرلیا۔ بل کے مطابق 18 سال سے کم عمر کی شادی کا معاہدہ کرنے والے مرد کو سزا دی جائے گی، یہ سزا 3 سال تک ہوسکتی ہے جبکہ یہ سزا 2 سال سے کم نہیں ہوگی۔ بل کے متن کے مطابق سزا کے ساتھ 2 لاکھ روپے تک جرمانہ ہوگا جو ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہوگا، جرمانہ ادا نہ کرنے والے کو مزید 3 ماہ کی سزا بھگتنی ہوگی۔ بل کے مطابق کم عمری کی شادی کرانے والے، اس کی ترویج اور حوصلہ افزائی کرنے والے کو بھی سزا ملے گی۔ بل کے مطابق نکاح خواں، نکاح رجسٹرار اور یونین کونسل کا سیکرٹری دونوں فریقین کے کمپیوٹرائز شناختی کارڈ رکھنے کے پابند ہوں گے، کوتاہی یا غفلت پر ایک سال سزا اور جرمانہ بھی عائد ہوگا۔ ملک کے بڑے صوبے بلوچستان میں کم عمری کی شادی کے رجحان کے باعث دوران زچگی ماں اور بچے کی اموات کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔ 15 سال سے کم عمر میں شادیوں کی شرح 12.5 فیصد اور 18 سال سے کم عمر میں شادی کی شرح 45 فیصد ہے۔ یہ رجحان کم اقتصادی شراکت داری اور تعلیمی مواقع سے محرومی کو جنم دیتا ہے اور یہ صورتحال صنفی تشدد کا بھی باعث بنتی ہے۔ بلوچستان کے دیہی علاقوں میں کم عمر میں بچیوں کی شادیوں کا رجحان زیادہ ہے جس کی ایک بڑی وجہ ناخواندگی بھی ہے۔ بلوچستان میں کم عمر بچیوں کی شادی کی ممانعت کا بل ایک بہترین اقدام ہے جو قانون کا حصہ بن گیا ہے اس سے کم عمر بچیوں کی شادی کے رجحان میں کمی کے امکانات روشن ہونگے جس سے خواتین کی زچگی کے دوران اموات کی شرح میں بھی کمی آئے گی اور خواتین کی زندگیوں میں بہتری آئے گی۔ بلوچستان حکومت کو بچیوں کی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، تعلیم واحد ہتھیار ہے جو خواتین کو بااختیار بنانے اور بہتر مستقبل گزارنے کا ضامن ہے۔ بہرحال بلوچستان حکومت کی جانب سے کم عمر بچیوں کی شادی پر پابندی سے صوبہ میں مثبت معاشرتی وسماجی تبدیلی آئے گی۔

CamScanner

Step to Restrain Child Marriage

The passage of the Child Marriage Restraint Bill by the Balochistan Assembly on Friday marks a significant, albeit contentious, stride toward protecting the province's youngest citizens. Amidst the expected fanfare and jubilation from rights activists, the legislative triumph was shadowed by heated scenes in the House, where opposition lawmakers created a ruckus, arguing the law contradicts the fundamental teachings of the Quran and Sunnah.

Indeed, Leader of the Opposition Younus Zehri's assertion that legislation is against religious injunctions and merely introduced to appease non-governmental organizations highlights the deep ideological chasm that persists on this critical social issue. Furthermore, the reference to the Shariat Court as highest authority suggests an appeal to religious jurisprudence to potentially challenge the bill's legitimacy, a path that has historically complicated similar legislative efforts elsewhere in the country.

Child marriage, which remains widely prevalent across various parts of the country including Balochistan, is more than a cultural practice it is a devastating public health and social crisis. It forcibly deprives girls, in particular, of their right to education, exposes them to high risks of physical and sexual exploitation, and contributes to alarming rates of maternal and infant mortality due as their bodies are simply not ready for childbearing. By lowering the legal age for marriage, Balochistan has belatedly joined provinces like Sindh and Punjab in taking a practical, preventative measure against this cycle of trauma and poverty.

While the sentiments of those who believe this legislation encroaches upon religious laws must be acknowledged within a democratic framework, the state's paramount duty is to safeguard its minors. The law is not intended to redefine religious practice but to set a civil threshold that protects children from premature responsibilities and physical harm. Legal frameworks, even on matters of personal status, must evolve to address contemporary challenges and align with international standards of child welfare, which Pakistan has committed to uphold.

The passage of the Child Marriage Restraint Bill is unequivocally the need of the hour. Now, the challenge shifts from legislation to implementation. The provincial government must ensure that this law is robustly enforced, not just in urban centers, but in remote areas where the practice is most entrenched. Furthermore, a sustained public awareness campaign, crafted in collaboration with religious scholars and community leaders, is crucial to achieve consensus and demonstrate that protecting childhood is a universal value compatible with all progressive teachings.

Balochistan has taken a courageous step forward; legislative battle may be won, but the greater, ongoing fight to end child marriage has just gained a powerful new tool.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 NOV 2025

Page No. 18

قیادت میں نواب اسلم خان رئیسانی کی مخلوط حکومت نے لیویز فورس کو اپریل 2010 میں دوبارہ بحال کر دیا گیا۔ سابق وزیر اعلیٰ نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ لیویز فورس کی تشکیل مختلف قبائل سے ہوتی ہے جنھیں اپنے

لیویز کا پولیس میں انضمام کیوں؟

رپورٹ: محمد کاظم

بلوچستان میں پولیسنگ کے 140 سال پرانے نظام میں کمزوری کیا ہے؟

تفتیشی نظام اور پراسیکیوشن کے نقائص دور کرنے کی اصلاحاتی کوششیں کس قدر کامیاب رہیں؟

اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا لیویز کے پولیس میں انظام پر دوٹوک موقف

بلوچستان میں حال ہی میں لیویز فورس کو پولیس میں ضم کر دیا گیا ہے اور ہر چند کہ اس پر بعض سیاسی جماعتوں نے احتجاجی بیانات بھی دیئے ہیں مگر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اس حوالے سے دوٹوک موقف رکھتے ہیں کہ لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہیں اور وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ رہتے ہوئے یہ فیصلہ ناگزیر ہے کہ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات کیے جائیں اس فیصلے کے پس منظر میں کئی عوامل کارفرما نظر آتے ہیں مثلاً صوبے کے حالات، طرز معاشرت، سیکورٹی چیلنجز اور امن وامان کے بہتر انتظام کی خواہش۔ حکومت کہہ چکی ہے کہ اس اقدام کا مقصد قانون نافذ کرنے والے اداروں کی صلاحیت میں اضافہ ہے۔ تاہم، اس عمل پر تنقید بھی کی جا رہی ہے۔ بلوچستان کی اکثر سیاسی جماعتوں نے بھی اس فیصلے کو مسترد کیا ہے اور وہ اس جانب اشارہ کرتے ہیں کہ محکمہ داخلہ کے ریکارڈ کے مطابق لیویز والے علاقوں میں جرائم کی شرح پولیس کے زیر انتظام علاقوں کے مقابلے میں کم ہے۔ لیویز فورس کی پولیس میں انضمام کا دفاع کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ لوگوں میں لیویز کے لیے چاہت زیادہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ یہ فیصلہ پاپولر نہیں تاہم بہتری کے لیے ناگزیر ہے۔

قیام پاکستان سے قبل بلوچستان دو حصوں ریاست قلات اور برٹش بلوچستان پر مشتمل تھا۔ برٹش بلوچستان میں سب سے پہلے سر رابرٹ سنڈیمن نے 1887 میں لیویز فورس کو قائم کیا جو کہ دیہی علاقوں میں پولیسنگ کا کام کرتی تھی۔ ایک قبائلی معاشرہ ہونے کی وجہ سے لیویز فورس کے اہلکاروں کی تشکیل مختلف قبائل سے ہوتی تھی۔ جبکہ

کے دور سے قبل لیویز فورس کا زیرانتظام علاقہ رقبے کے لحاظ سے بلوچستان کا 90 فیصد سے زیادہ تھا۔ تاہم بعد میں پولیس کے علاقے میں اضافہ کیا جاتا رہا جس کے باعث رواں سال کابینہ کے انضمام کے فیصلے سے قبل 85 فیصد علاقہ لیویز فورسز کے کنٹرول میں تھا۔ ان علاقوں کے لیے لیویز فورس کی تعداد 28 ہزار کے لگ بھگ تھی جبکہ پولیس کی نفری 42 ہزار سے زائد ہے۔ محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 25-2024 کے بجٹ میں اس وسیع وعریض علاقے کے انتظام کے لیے

وسائل کے باوجود پولیس کے علاقوں کے مقابلے میں لیویز فورس کے علاقوں میں جرائم کی شرح بہت کم رہی ہے۔ لیویز فورس کی جرائم کی تفتیش اور پراسیکیوشن میں جو نقائص تھے چیف جسٹس کی حیثیت سے یہ امیر الملک مینگل کے علم میں تھے۔ جب ریٹائرمنٹ کے بعد وہ پرویز مشرف کے دور میں گورنر بنے تو لیویز فورس کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے اس میں انھوں نے اصلاحات کیں جبکہ اس کی تفتیش اور پراسیکیوشن ونگز قائم کر کے انکی صلاحیت میں اضافہ کیا گیا۔ قیام پاکستان کے بعد سب سے پہلے لیویز فورس کی پولیس میں انضمام کی باتیں جنرل

علاقے میں ہر چیز کا پتا ہوتا ہے اور اس لحاظ سے یہ پولیس کے مقابلے میں زیادہ موثر ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان علاقوں میں جرائم کی شرح کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک عوام دوست فورس ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کے لیے لوگوں میں اپنائیت بہت زیادہ ہے۔ وہ اس تاثر سے متفق نہیں کہ لیویز فورس

> لیویز اہلکار ایک ہی جگہ کام کرتے ہیں جبکہ اس ر پوسٹنگ ہوتی ہے، لیویز کے پاس پولیسنگ کا بھی ٹھیک نہیں ہے، عبدال

سرداروں کے زیراثر رہتی ہے تاہم ان کا کہنا تھا کہ پولیس سب سے زیادہ زیراثر ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ پولیس کا پنجاب اور سندھ میں غلط استعمال بھی سب سے زیادہ ہے۔

سیاسی مبصرین کے مطابق 2010 میں لیویز فورس کی بحالی کے بعد اس کے دوبارہ انضمام کے لیے دباؤ برقرار رہا۔ تاہم جام کمال خان اور میر سرفراز بگٹی کے سوا باقی وزرائے اعلیٰ کے ادوار میں اس سلسلے میں بڑی پیش رفت نہیں ہوئی۔ اگرچہ جام کمال لیویز فورس کو مکمل طور پر ضم کرنے کے لیے تیار تھے تاہم مخلوط حکومت میں شامل اراکین کی جانب سے مخالفت کی وجہ سے وہ صرف تین ساحلی اضلاع گوادر، لسبیلہ اور حب کے سوا باقی علاقوں میں لیویز فورس کو ضم نہیں کرا سکے۔ تاہم موجودہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط حکومت بننے کے بعد ایک مرتبہ پھر لیویز فورس کی انضمام کے لیے کوششیں شروع ہوئیں۔ ستمبر میں لیویز فورس ایکٹ کو منظور کر کے اکتوبر میں کابینہ نے آٹھ میں سے [illegible] فورس کو پولیس میں ضم کر [illegible] احتجاج [illegible]

پرویز مشرف کے دور میں شروع ہوئیں اور 2002 کے عام انتخابات کے بعد اس سلسلے میں عملی اقدامات کا آغاز ہوا۔ وفاقی حکام کے علاوہ پولیس کے آفیسرز کی دلیل یہ تھی کہ بلوچستان کو ایک قبائلی معاشرے سے ایک جدید معاشرے میں تبدیل کرنے کے لیے یہ ضروری ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی کہا جاتا رہا کہ یہ فورس قبائلی سرداروں کے زیر اثر ہے۔ عوامی سطح پر بڑے پیمانے پر مخالفت کے باوجود سابق وزیراعلیٰ جام کمال خان کی حکومت نے 2003 میں لیویز فورس کو خطیر رقم خرچ کر کے پولیس میں ضم کر [illegible] 2008 کے عام انتخا[illegible]

> آپ جتنے زیادہ بکھرے ہوئے نظام رکھیں گے اتنی ہی کنفیوژن ہوگی ہمیں جدید پولیسنگ کی طرف آنا چاہیے پاکستان کے علاوہ کسی ملک میں لیویز کا نظام اب وجود نہیں رکھتا، ڈاکٹر شعیب سڈل

شہری علاقے پولیس کے زیرانتظام تھے۔ قیام پاکستان کے بعد نہ صرف اے اور بی ایریاز کے نام سے پولیسنگ کے اس الگ الگ نظام کو برقرار رکھا گیا بلکہ بلوچستان کے قبائلی نظام کی وجہ سے لیویز فورس کی نفری میں اضافے کے ساتھ ساتھ اس کی صلاحیت میں بھی اضافہ کیا گیا۔ پرویز مشرف

لیویز فورس پر 24 ارب 83 کروڑ روپے خرچ ہوئے جبکہ اس کے مقابلے میں 15 فیصد علاقے میں پولیس پر 43 ارب 80 کروڑ روپے کے اخراجات آئے۔ چیف آف ساراوان اور سابق وزیراعلیٰ نواب محمد اسلم رئیسانی محکمہ داخلہ کے اعداد وشمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ کم نفری اور کم

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 16.11.2025

نمبرشار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	شاہ عبداللہ کا دورہ پاکستان تعاون کے نئے دروازے کھلیں گے، وزیراعلیٰ۔	جنگ ودیگراخبارات
02	اقلیتیوں کی فلاح و بہبود کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہے ہیں، فیصل جمالی۔	جنگ ودیگراخبارات
03	ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، طارق خان مگسی۔	انتخاب ودیگراخبارات
04	صحت کے فضلے کا درست انتظام بنیادی ضرورت ہے، بخت محمد کاکڑ۔	مشرق ودیگراخبارات
05	جنوبی بلوچستان کی سماجی ومعاشی ترقی کے لیے جامعہ تربت کا اہم کردار ہے، احسن اقبال۔	جنگ ودیگراخبارات
06	چائلڈ میرجز ریسٹرینیٹ بل تاریخی اقدام ہے، ظہور بلیدی۔	مشرق ودیگراخبارات
07	جسٹس کامران خان ملاخیل بلوچستان کے قائم مقام چیف جسٹس مقرر۔	جنگ ودیگراخبارات
08	آرٹی اے کی کارروائی 10 رکشوں 3 بسوں کو تحویل میں لے لیا۔	جنگ ودیگراخبارات
09	انڈس ہسپتال نے بلوچستان میں متعدی طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے پروگرام کا آغاز کر دیا۔	جنگ ودیگراخبارات
10	ہسپتالوں میں صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے، سیکرٹری صحت۔	جنگ ودیگراخبارات
11	بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز دنیا تک پہنچائیں گے، ہدایت الرحمٰن۔	جنگ ودیگراخبارات
12	شہداء کی جدوجہد اور نظریاتی ورثے کو ہمیشہ مشعل راہ رکھا جائے گا، اے این پی۔	جنگ ودیگراخبارات
13	کم عمری شادی سے متعلق بل کے خلاف عدالت سے رجوع کریں گے، اپوزیشن اراکین اسمبلی۔	جنگ ودیگراخبارات
14	27ویں ترمیم بدترین آمریت انصاف کا حصول مشکل ہو گیا، پشتونخوا نیپ۔	جنگ ودیگراخبارات

امن وامان:

سیٹلائٹ ٹاؤن میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، لورالائی بیٹے نے سوتیلی ماں سمیت دو افراد کو ہلاک کر دیا، ڈیرہ مراد جمالی موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر مالک زخمی، ژوب مختلف حادثات اور واقعات میں دو افراد جاں بحق 10 زخمی، ڈیرہ مراد جمالی ایس ایس پی کی گاڑی پر فائرنگ معجزانہ طور پر محفوظ رہے، خضدار بجلی کی تاریں چوری کرنے والے دو ملزمان گرفتار۔

عوامی مسائل:

صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں کی اسٹریٹ لائٹس غیر فعال۔

مورخہ 16.11.2025

اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے **"وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صحت اور تعلیم کے میدان میں انقلابی اقدامات اٹھا کر عوام کے دل جیت لئے!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ موجودہ وزیراعلیٰ نے صحت اور تعلیم کے میدان میں انقلابی اقدامات اٹھا کر صوبے کے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔ ان کی قیادت میں بلوچستان میں پہلی بار ایسے جامع منصوبے شروع کئے گئے ہیں جن کا براہ راست فائدہ عوام تک پہنچ رہا ہے خصوصاً صوبے کے ہونہار طلباء و طالبات کو سکالرشپ پروگرام کے ذریعے بیرون ملک کے معروف تعلیمی اداروں میں داخلے کی سہولت فراہم کرنا اعلیٰ مثال ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے

CS CamScanner

وزیراعلیٰ بلوچستان کی شاندار کارکردگی کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنی عملی کارکردگی، عوام دوستی اورانتھک محنت کی بنیاد پر یہ ثابت کیاہے کہ وہ صوبے کے حقیقی خادم ہیں۔ان کی قیادت میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز ہوتی ہےاور گورننس میں نمایاں آثارنظر آرہے ہیں۔انہوں نے کہاکہ وزیراعلی اپنی بہترین کارکردگی اورعوامی خدمت کی بنیاد پر پورے پانچ سال کی مدت مکمل کریں گے۔اس طرح پارٹی کومضبوط کرنے اورعوامی رابطوں کومستحکم بنانے میں ان کاکردارنا قابل فراموش ہے۔انہوں نے کہاکہ بلوچستان کی تاریخ میں کسی بھی وزیراعلیٰ نے اتناوقت توجہ اورمحنت صوبے کے عوام کے لیےنہیں دی جتنی موجودہ وزیراعلیٰ نے دی ہے۔

اداریے :

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے"**بلوچستان اسمبلی کم عمری کی شادی کی مخالفت کا قانون منظوراپوزیشن کا احتجاج** "کےعنوان سےاداریہ تحریرکیاہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے" **بلوچستان اسمبلی کم عمری میں شادی کی ممانعت کا بل منظور معاشرتی وسماجی تبدیلی میں اھم پیشرفت**"کےعنوان سےاداریہ تحریرکیاہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمزکوئٹہ نے"Step Restrain Child Marriage" کےعنوان سےاداریہ تحریرکیاہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner